01/06/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

سفارتی مہم

دہشت پسندی کے تئیں بھارت کی پختہ ارادی کے اظہار کےلئے7 کُل جماعتی پارلیمانی وفود ان دنوں مختلف ممالک کے دورے پر ہے جو وہاں اس موضوع پر اُ ن ممالک کی اعلیٰ قیادت سے تفصیلی بات چیت کر رہے ہیں۔

عید انتظامات

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے عید الاضحی کی تقریب سید کے سلسلے میں افسروں کی ایک میٹنگ میں انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوںنے عید کے موقعے پر عوام کےلئے بجلی اور پانی کی بلا خلل سپلائی یقینی بنانے کی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی۔ صوبائی کمشنر نے آثار شریف درگاہ حضرت بل سمیت وادی کی اہم زیارت گاہوں، عید گاہوں، خانقاہوں اور امام باڑوں میں صفائی ستھرائی یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی۔

انہوںنے ساتھ ہی میلہ کھیر بھوانی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

لیبر کمشنر

جموںو کشمیر کے لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے گاندربل کا دورہ کر کے وہاں افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے امر ناتھ یاترا2025کےلئے تیاریوں کے علاوہ وہاں لیبر قوانین کی موثر عمل آوری کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں یاترا2025کے کامیاب انعقاد کےلئے محکمانہ تال میل کی ضرورت اُجاگر کی گئی۔ لیبر کمشنر نے یاترا کےلئے کام کرنے والے ورکروں کا اندراج کرنے پر زور دیا تاکہ انکے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے۔

شانت مانو

محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت مانو کی صدارت میں سیول ڈیفنس کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران سرینگر ضلعے میں ایمر جنسی کی صورت میں زمینی سطح پر شہری دفاعی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

انہوں نے ایمر جنسی کی صورتحال میں اہم تنصیبات اور مقامی با شندوں کی سلامتی یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا۔

EDI

جموںو کشمیر آنٹر پرنیورشپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ کی طرف سے8اضلاع میں کار خانہ داری اور ہنری مندی کے پروگراموں سے متعلق4ہفتوں کا پہلے بیچ کاتربیتی پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گیا ہے۔ ان 8اضلاع میں اننت ناگ، بانڈی پورہ، بڈگام، شوپیان، کولگام، ادھمپور، رام بن اور ریاسی شامل ہیں۔

پروگرام کے تحت 107خواتین سمیت کُل228 امید واروں کو ضروری تربیت سے ہمکنار کرایا گیا
۔

اننت ناگ

اننت ناگ پولیس نے سنتھن ٹاپ پر تازہ برفباری کے نتیجے میں ایک درماندہ مسافر گاڑی کو، بروقت کاروائی کر کے ریسکیو کیا ہے۔

ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ پولیس کو گاڑی کے مسافروں نے مدد کےلئے لارنو نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مشکل موسی صورتحال کے SHO پولیس کو کال کیا تھا جس کے بعد باوجود بروقت کاروائی کر کے جائے وقوع کی طرف جا کر درماندہ مسافروں کو بحفاظت بچا کرلایا۔

ادبی تقریب

جموںو کشمیر کلچرل اکیڈیمی کی جانب سے ادارے کے سمینار حال میں ایک محفل افسانہ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب پر عبدالمجید بھدرواہی کے افسانوی مجموعے” جلتا گلاب“ کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔

تقریب کی صدارت پروفیسر ایاز رسول نازکی نے کی، جس میں ادب نوازوں کی ایک کہکشاں موجود تھی۔

واکیتھن

عالمی تمباکو نوشی مخالف دن2025کی مناسبت سے ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ سروسز کشمیر نے ضلع انتظامیہ سرینگر، جمونو کشمیر پولیس کے سرگرم تعاون سے اور محکمہ تعلیم کے ساتھ ملکر ایک واکیتھن کا انعقاد کیا۔

للت گھاٹ سے شروع ہو کر نہرو پارک تک منعقدہ اس واکیتھن میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے زائد از 300 شرکاءنے حصہ لیا، جنہوں نے تمباکو نوشی کے خلاف اپنا اجتماعی عزم ظاہر کیا۔

سرینگرDC

اسسمنٹ کمیٹی کی ایک Rent ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں میٹنگ منعقد ہوئی۔

میٹنگ کے دوران مختلف سرکاری محکموں کی طرف سے استعمال کی جانے والی عمارتوں کے13معاملات کو منظوری دی گئی۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع اسپتال کا دورہ کرکے وہاں زیر عمل ہیلتھ پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ضلع اسپتال کی عمارت//50بستروں والے ایمر جنسی کرٹکل کیئر یونٹ// زچہ و بچہ کی صحت کےلئے اضافی بلاک// نئے ٹکٹ کونٹر// اور دیگر بلاکوں کے کام میں سرعت لانے کی عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی۔

ڈپٹی کمشنر نے مریضوں کے ساتھ بات کر کے اُن سے طبی نگہداشت کی خدمات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا۔

فیسٹول

ضلع ڈوڈہ کے بھدرواہ میں آج سے تیسرا لیوینڈر فیسٹول شروع ہو رہا ہے جس کا افتتاح وزیر اعظم کے دفتر میں وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ کر رہے ہیں۔

انڈین انسٹی چیوٹ آف انٹیگریٹیو میڈسن جموں نے کیا ہے، جس دوران CSIRفیسٹول کا اہتمام ایک ایگری سٹارٹ اپ نمائش کے ذریعے ویلیو ایڈڈ مصنوعات میں اخترعات کے علاوہ لیوینڈر سے جڑی تکنیک کو نمائش پر رکھا جائے گا۔

بھدرواہ تحصیل لیوینڈر کی کاشت کے ایک ماڈل کے طور پر اُبھرا ہے جہاں مقامی لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد اس پھول کی کاشت کے ساتھ جڑ کر اپنا با وِقار روزگار کما رہی ہے۔

سنکلپ یوجنا

ملک میں12جون تک جاری رہنے والی 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوںاور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔

اس مہم کے چلتے وادی بھر کے مختلف اضلاع میں کل دن کے دوران بھی جانکاری پروگراموں کا انعقاد جا ری رہا، جس کی بدولت کسانوں کی ایک اچھی خاصی تعداد مستفید ہوئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

....

..